| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ قَالَ | الَّذِيْنَ | لَا يَعْلَمُوْنَ | لَوْلَا |
| اور کہا | ان لوگوں نے جو | علم نہیں رکھتے | کیوں نہیں |
| يُكَلِّمُنَا | اللّٰهُ | اَوْ | تَاْتِيْنَآ[1] |
| وہ ہم سے کلام کرتا | اللہ | یا | (کیوں نہیں) ہمارے پاس آتا/آتی |
| وَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ | | اور وہ لوگ جو کچھ علم نہیں رکھتے کہتے ہیں کہ اللہ ہم سے کیوں کلام نہیں کرتا | |
| اٰيَةٌ | كَذٰلِكَ | قَالَ | الَّذِيْنَ |
| کوئی نشان | اسی طرح | کہا تھا | ان لوگوں نے جو |
| اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ | | یا ہمارے پاس بھی کوئی نشان کیوں نہیں آتا | |
| [1]تَاْتِيْنَآ: یہاں تَاْتِيْنَآ سے پہلے لَوْلَا محذوف ہے، معانی میں لَوْلَا آئے گا۔ | | | |
| مِنْ قَبْلِهِمْ | مِّثْلَ | قَوْلِهِمْ | تَشَابَهَتْ[2] |
| ان سے پہلے تھے | مشابہ/جیسی | ان کی بات | مشابہ ہوگئے |
| [2]تَشَابَهَتْ، واحد مؤنث غائب کا صیغہ ہے، جس کا لفظی ترجمہ ہے "وہ مشابہ ہوئی"، لیکن ہم پہلے پڑھ چکے ہیں کہ عربی میں کلُّ جمعٍ مؤنثٌ ہوتی ہیں۔ قلوب، قلب کی جمع ہے، اس لیے مؤنث کا صیغہ استعمال ہوا، لیکن قلوب کا اردو ترجمہ (دل) مذکر ہے، لہذا ہم تَشَابَهَتْ کا ترجمہ کریں گے "مشابہ ہوگئے" | | | |
| كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ | | | |
| اسی طرح ان لوگوں نے بھی جو ان سے پہلے تھے ان کے قول کے مشابہ بات کی تھی | | | |
| قُلُوْبُهُمْ | قَدْ | بَيَّنَّا | الْاٰيٰتِ |
| ان کے دل | یقیناً | ہم نے کھول کر بیان کر دیا | آیات کو |

| | | |
|---|---|---|
| لِقَوْمٍ | يُّوْقِنُوْنَ | |
| ان لوگوں کے لیے | جو یقین رکھتے ہیں | |

وَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْ لَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۹﴾

اور وہ لوگ جو کچھ علم نہیں رکھتے کہتے ہیں کہ آخر اللہ ہم سے کیوں کلام نہیں کرتا یا ہمارے پاس بھی کوئی نشان کیوں نہیں آتا۔اسی طرح ان لوگوں نے بھی جو ان سے پہلے تھے ان کے قول کے مشابہ بات کی تھی۔ان کے دل آپس میں مشابہ ہو گئے ہیں۔ہم آیات کو یقین لانے والی قوم کے لئے خوب کھول کر بیان کر چکے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِنَّآ | اَرْسَلْنٰكَ | بِالْحَقِّ | بَشِيْرًا |
| یقیناً ہم | ہم نے بھیجا تجھے | حق کے ساتھ | بشیر (بشارت دینے والا) بنا کر |
| وَّ نَذِيْرًا | وَّ لَا | تُسْـَٔلُ | عَنْ |
| اور نذیر (ہوشیار کرنے والا) بنا کر | اور نہیں | تو پوچھا جائے گا | کے بارہ میں |
| اَصْحٰبِ | الْجَحِيْمِ | | |
| ساتھی | دوزخ | | |

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ۙ وَّ لَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۲۰﴾

یقیناً ہم نے تجھے حق کے ساتھ بشیر اور نذیر کے طور پر بھیجا ہے اور تجھ سے جہنّم والوں کے بارہ میں نہیں پوچھا جائے گا۔